نیشنل ہیلتھ انشورنس (NHI):
جاپان کے ہیلتھ کیئر میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والا نظام

یہ نظام بیمار یا زخمی ہونے کی صورت میں آپ اور آپ کے گھر والوں کی ہیلتھ کیئر تک رسائی کو یقینی بناتا ہے۔

جاپان میں رہائش پذیر کوئی بھی شخص، قطع نظر قومیت، پبلک ہیلتھ انشورنس سسٹم میں رجسٹر کروانے کا پابند ہے۔ اگرچہ انشورنس کوریج کے حصول کے لیے انشورنس پریمیم کی ادائیگی لازمی ہے، لیکن یہ نظام آپ اور آپ کے گھر والوں کو بیمار یا زخمی ہونے کی صورت میں کم مالی بوجھ کے ساتھ میڈیکل کیئر تک رسائی کو یقینی بناتا ہے۔

پبلک ہیلتھ انشورنس کے فوائد

- جب آپ ہسپتال یا کلینک جاتے ہیں، تو آپ عام طور پر آپ کو علاج کے کل اخراجات کا صرف 30٪ ادا کرنا پڑتا ہے۔ بقیہ 70٪ انشورنس سے ادا کیا جاتا ہے، جس سے آپ کی جیب سے ادا کیے جانے والے علاج کے اخراجات میں نمایاں کمی آتی ہے۔
- انشورنس آپ کی روزمرہ کی زندگی کے تحفظ میں مدد کے لیے اضافی پروگرام فراہم کرتا ہے، جیسے کہ زیادہ مہنگے علاج معالجے کے اخراجات کی صورت میں مالی معاونت۔

پبلک ہیلتھ انشورنس کی اقسام آپ کی ملازمت اور آپ کی عمر کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔ نیشنل ہیلتھ انشورنس بنیادی طور پر ان لوگوں کے لیے ہے جو ملازمین کے ہیلتھ انشورنس یا 75 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد کے میڈیکل سسٹم میں رجسٹرڈ نہیں ہیں۔ اس انشورنس کی اہلیت رکھنے والے افراد وہ ہیں، بشمول ذاتی کاروبار والے افراد، طلباء، بے روزگار افراد، اور جاپان میں تین ماہ سے زیادہ رہائش پذیر غیر ملکی باشندوں کو اس انشورنس میں رجسٹر کرنا ضروری ہوتا ہے۔

کس کو نیشنل ہیلتھ انشورنس میں رجسٹریشن کروانا ضروری ہے ؟

اگر آپ جاپان میں رہائش پذیر ہیں اور درج ذیل زمروں میں سے کسی کے تحت آتے ہیں تو آپ کے لیے نیشنل ہیلتھ انشورنس میں رجسٹریشن کروانا لازمی ہے۔



- غیر ملکی باشندے جو جاپان میں تین ماہ سے زیادہ رہائش پذیر ہیں
- ذاتی کاروبار والے افراد، کسان، ماہی گیر، طلباء، یا بے روزگار افراد
- وہ افراد جو ملازمین کے ہیلتھ انشورنس یا 75 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد کے میڈیکل سسٹم میں شامل نہیں ہیں
- وہ افراد جو ریٹائر ہو چکے ہیں اور اپنا ملازمین ہیلتھ انشورنس چھوڑ چکے ہیں

نیشنل ہیلتھ انشورنس کی مالی اعانت کیسے کی جاتی ہے؟

میڈیکل یا علاج کے اخراجات کی سپورٹ کیسے کی جاتی ہے؟




قومی اور مقامی حکومتوں کی طرف سے ادا کیا جاتا ہے

ٹیکس کا پیسہ ٪ 50

+

انشورنس پریمیم ٪ 50



ممبرز کی طرف سے ادا کیا جاتا ہے

نیشنل ہیلتھ انشورنس کے تحت طبی اخراجات اس کے ممبران کی طرف سے ادا کیے گئے انشورنس پریمیم اور ٹیکس ریونیو سمیت پبلک فنڈز سے ادا کیے جاتے ہیں۔ نیشنل ہیلتھ انشورنس سسٹم کے تحت کل میڈیکل اخراجات کا نصف (50٪) عوامی فنڈز سے خرچ کیا جاتا ہے۔

یہ انشورنس ایک ایسا نظام فراہم کرتا ہے جس میں مجموعی طور پر معاشرہ صحت کی دیکھ بھال کی اعانت کرتا ہے جبکہ انفرادی طور پر بوجھ کم ہو جاتا ہے۔

نیشنل ہیلتھ انشورنس کے فراہم کردہ فوائد اور میڈیکل کیئر کے حصول کا طریقہ کار

اگر آپ نیشنل ہیلتھ انشورنس میں رجسٹرڈ ہیں تو، جب آپ میڈیکل ادارے میں بیماری یا زخموں کا علاج کرواتے ہیں تو استقبالیہ ڈیسک پر اپنا مائی نمبر کارڈ یا ہیلتھ انشورنس اہلیت سرٹیفکیٹ دکھائیں۔ عام طور پر آپ کو میڈیکل اخراجات کا صرف ایک حصہ (عموماً 30٪) ادا کرنا پڑتا ہے۔

نیشنل ہیلتھ انشورنس کے تحت، آپ درج ذیل فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

- میڈیکل کیئر، طبی اداروں میں مشاورت، علاج، اور نسخے، وغیرہ
- ہسپتال میں داخل رہنے کے دوران کھانے کے اخراجات
- مہنگی لاگت والے میڈیکل اخراجات کے فوائد: اگر آپ کے علاج کے اخراجات آپ کی جیب پر بھاری ہوتے ہیں، تو ایک خاص حد سے زائد رقم آپ کو واپس کر دی جائے گی۔

نیشنل ہیلتھ انشورنس کے ممبران کو انشورنس پریمیم ادا کرنا ہو گا۔

انشورنس پریمیم کا حساب آپ کی پچھلے سال کی آمدنی اور گھریلو حالات کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔
پریمیم کی رقم اور حساب کا طریقہ کا ایک بلدیہ سے دوسرے بلدیہ میں مختلف ہوتا ہے۔

اگر آپ اپنا پریمیم ادا نہیں کرتے ہیں، تو آپ کی بلدیہ کی جانب سے آپ کو یاد دہانی کا نوٹس بھیجا جاتا ہے۔

اگر آپ طویل عرصے تک ادائیگی نہیں کرتے ہیں، تو آپ کو درج ذیل مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

- آپ کی جائیداد ضبط کی جا سکتی ہے۔
- آپ کے فوائد محدود ہو سکتے ہیں۔ آپ کو طبی ادارے میں مکمل طبی اخراجات ادا کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اس صورت میں، اگر آپ کچھ شرائط پر پورے اُترتے ہیں تو آپ کی رقم واپس ادا کر دی جائے گی۔
- جب آپ جاپان میں اپنے قیام کی مدت کی تجدید کرواتے ہیں یا اپنی رہائشی حیثیت کو تبدیل کرتے ہیں تو آپ کی ادائیگی کی حیثیت کو مدنظر رکھا جائے گا۔

برائے مہربانی مقررہ تاریخ تک اپنے پریمیم ادا کریں۔

سوال و جواب

سوال نمبر1۔ میں ایک ایسے ملک سے جاپان آیا ہوں جس کا جاپان کے ساتھ سوشل سیکیورٹی کا معاہدہ ہے۔ کیا مجھے نیشنل ہیلتھ انشورنس میں رجسٹریشن کروانے کی ضرورت ہے؟

کچھ صورت حال میں، آپ کو نیشنل ہیلتھ انشورنس میں رجسٹریشن کروانے کی ضرورت نہیں ہو سکتی ہے۔ برائے مہربانی اپنی بلدیہ کے نیشنل ہیلتھ انشورنس آفس سے رابطہ کریں اور دریافت کریں کہ کیا آپ کو رجسٹریشن کروانی چاہیے؟

سوال نمبر 2۔ میرے ریٹائر ہونے کے بعد اور ملازمین کی ہیلتھ انشورنس چھوڑنے کے بعد نیشنل ہیلتھ انشورنس میں رجسٹریشن کی آخری تاریخ کیا ہوگی ؟

برائے مہربانی اپنی بلدیہ کے نیشنل ہیلتھ انشورنس آفس میں 14 دنوں کے اندر ضروری کاروائی مکمل کریں۔



سوال نمبر 3۔ جب مجھے اپنے انشورنس پریمیم کی ادائیگی میں دشواری ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کو مالی وجوہات کی وجہ سے پریمیم کی ادائیگی یا اپنی جیب سے ادا کیے جانے والے علاج کے اخراجات ادا کرنے میں دشواری کا سامنا ہو، تو آپ ان میں کمی وصول کر سکتے ہیں یا قسطوں میں ادائیگی کر سکتے ہیں۔ ایسے صورت میں، جلد از جلد اپنے مقامی بلدیاتی دفتر سے مشورہ کریں۔